Roll No ____________ to be filled in by the candidate (For all Sessions) Paper Code 6 0 2

نمبر: 20 — وقت: 30 منٹ — گروپ-I

اردو لازمی (معروضی)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C,D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

1۔ جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے کہلاتا ہے۔
(A) اداتِ تشبیہ (B) حرفِ تشبیہ (C) غرضِ تشبیہ (D) طرفین تشبیہ

2۔ "دلہن چاند کی طرح خوب صورت ہے" اس جملے میں "چاند" ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ شبہ (D) حرف تشبیہ

3۔ مطلع کے دونوں مصرعوں کا ہونا ضروری ہے۔
(A) برابر (B) موزوں (C) مناسب (D) ہم قافیہ

4۔ غزل کے آخری شعر میں شاعر کا تخلص نہ ہو تو کہلائے گا۔
(A) مقطع (B) آخری شعر (C) حسنِ مطلع (D) زیبِ مطلع

5۔ ردیف کے الفاظ ہمیشہ آتے ہیں۔
(A) قافیہ سے پہلے (B) قافیہ کے بعد (C) مصرعے کے درمیان میں (D) مصرعے کے شروع میں

6۔ جس غزل کی ردیف ہو اسے کہتے ہیں۔
(A) مردف غزل (B) غیر مردف غزل (C) مسلسل غزل (D) نثری غزل

7۔ ردیف سے پہلے آنے والے ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں۔
(A) قافیہ (B) مرکب الفاظ (C) مستقل الفاظ (D) عام الفاظ

8۔ دس روپے ------ گوند خرید لاؤ۔
(A) کی (B) کا (C) کے (D) کیں

9۔ پیاز کس بھاؤ بک ------ ہے۔
(A) رہی (B) رہا (C) رہے (D) رہیں

10۔ میں نے منڈی سے دو من گندم ------۔
(A) خریدے (B) خریدیں (C) خریدا (D) خریدی

11۔ میرے قلم ------ نب خراب ہے۔
(A) کی (B) کا (C) کو (D) کے

12۔ سب لڑکوں نے مل کر تاش ------۔
(A) کھیلا (B) کھیلی (C) کھیلے (D) کھیلیں

13۔ حاتم طائی تلاش کرنے نکلا تھا۔
(A) کوہ ہمالیہ (B) کوہ ہندوکش (C) کوہ قاف (D) کوہِ ندا

14۔ لاہور کی مشہور ترین پیداوار ہے۔
(A) انجمن سازی (B) رسالہ سازی (C) طلبہ (D) گندم

15۔ اچھن کے باپ نے بیڑی بجھا کر رکھی۔
(A) میز پر (B) چارپائی پر (C) جیب میں (D) کان پر

16۔ اسلام میں دو چیزیں اہم ہیں۔
(A) نماز اور روزہ (B) کلمہ اور ایمان (C) توحید اور رسالت (D) کتاب اور سنت

17۔ ڈاکٹر لی کارک نے "تعریف" کا ترجمہ کیا۔
(A) انگریزی میں (B) فرانسیسی میں (C) لاطینی میں (D) یونانی میں

18۔ "وجہ جامع" رُکن ہے۔
(A) تشبیہ کا (B) تلمیح کا (C) استعارہ کا (D) کنایہ کا

19۔ استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے۔
(A) حقیقی معنی میں (B) مجازی معنی میں (C) لغوی معنی میں (D) اصلی معنی میں

20۔ "اک کھیل ہے اورنگِ سلیماں مرے نزدیک" مصرع میں ہے۔
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) مجاز مرسل (D) تلمیح